ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک بنی ہوئی چادر لے کر آئی

سھل بن سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک عورت رسول اللہ ﷺ کے پاس ایک بنی ہوئی چادرلے کر آئی اور کہنے لگی: میں نے اسے اپنے ہاتھ سے بنا ہے تاکہ میں اسے آپ کو پہناؤں نبی ﷺ نے اسے اپنی ضرورت کی چیز سمجھتے ہوئے لے لیا پھر آپ ﷺ اسے تہ بند کے طور پر باندھ کر ہمارے پاس تشریف لائے تو ایک صاحب نے کہا: یہ تو آپ مجھے پہنادیں, کس قدر خوبصورت ہے یہ چادر! آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا پھر آپ ﷺ مجلس میں بیٹھ گئے پھر واپس گئے اور اس چادر کو لپیٹ کر اس شخص کی طرف بھیج دیا پس لوگوں نے اس سے کہا: تو نے اچھا نہیں کیا نبی ﷺ نے یہ چادر اپنی ضرورت سمجھ کر پہنی تھی، لیکن تو نے آپ ﷺ سے یہ مانگ لی اور تجھے یہ بھی معلوم ہے کہ آپ کسی سائل کو واپس نہیں کرتے اس شخص نے جواب دیا : اللہ کی قسم! میں نے اسے پہننے کے لئے نہیں مانگی ہے بلکہ میں نے تو اسے اس لئے مانگی ہے تاکہ یہ میرا کفن بنے سھل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: پس یہ چادر اس کے کفن ہی کے کام آئی

[صحیح] [امام بخاری نے اسی کے مثل روایت کی ہے]

اس حدیث میں نبی ﷺ کے ایثار (اپنے آپ پر دوسروں کو ترجیح دینے) کا تذکرہ ہے کیوں کے آپ ﷺ نے اس چادر کے معاملے میں اپنی ذات پر اس شخص کو ترجیح دی، جب کے آپ ﷺ کو اس کی ضرورت تھی آپ ﷺ اس چادر کو پہن کر نکلے، یہ اس بات کی دلیل ہے کہ آپ ﷺ کو اس کی سخت ضرورت تھی ایک عورت نے آکر نبی ﷺ کو ایک چادر ہدیہ کیا تو ایک شخص نے آگے بڑھ کر کہا کہ یہ کتنی خوبصورت ہے! اور اس نے نبی ﷺ سے اسے مانگ لی رسول اللہ ﷺ نے چادر کو اتار کر لپیٹا اور اسے دے دیا بعض شارحین کا کہنا ہے کہ اس حدیث سے ماخوذ فوائد میں سے یہ بھی ہے کہ نیک لوگوں کے آثار سے تبرک جائز ہے حالانکہ یہ بات درست نہیں ہے، کیونکہ یہ تبرک تو آپ ﷺ کی ذات سے تھا ، فضیلت اور نیکی میں کسی اور کو آپ ﷺ پر قیاس نہیں کیا جا سکتا علاوہ ازیں صحابہ کرام آپ ﷺ کی حیات میں یا آپ کی وفات کے بعد کسی اور کے ساتھ ایسا نہیں کرتے تھے اگر یہ اچھی بات ہوتی تو وہ ضرور اسے ہم سے پہلے کر چکے ہوتے

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/5648